پاک قطر
فیملی تکافل

# لائف ٹائم کفالت پلان

# Lifetime Kafalat Plan

## سنگل زر تعاون پلان

**پاکستان کا پہلا لائف ٹائم گارنٹڈ پنشن پلان**



(+92 21) 111 725 728 | info@pakqatar.com.pk | www.pakqatar.com.pk

پاک قطر گروپ

پاکستان کا معیاری اور صفِ اول کا اسلامک فنانشل سروسز گروپ

## تکافل کیا ہے؟

تکافل، آپ کی بچت اور تحفظ کی ضروریات کو پورا کرنے کا ایک حلال طریقہ کار ہے اور انشورنس کے جائز متبادل کے طور پر کام کرتا ہے۔
تکافل میں حاصل ہونے والا کنٹریبیوشن دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؛ نفع حاصل کرنے کے لیے شریک تکافل کے سرمایہ کاری فنڈ اور تحفظ کے لیے وقف فنڈ میں۔ حلال نفع حاصل کرنے کے لیے سرمایہ کاری فنڈ میں موجود رقم کی شریعت کے مطابق مواقع میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ وقف فنڈ میں جانے والا حصہ تبرع (عطیہ) ہوتا ہے اور کلیم کی ادائیگی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

## لائف ٹائم کفالت پلان کیا ہے؟

زندگی غیر یقینی پہلوؤں سے بھری ہوئی ہے، یہ غیر یقینی حالات اکثر انسان کو دو انتہاؤں کے بیچ لا کھڑا کرتے ہیں؛ یا تو اپنی زندگی میں جمع پونجی ختم ہو جانے کے بعد مشکلات کا سامنا، یا پھر ہاتھ روک کر خرچ کر کے ضرورت سے زیادہ دولت پیچھے چھوڑ جانا۔
لائف ٹائم کفالت پلان— **پاکستان کی پہلی شریعت کے مطابق گارنٹیڈ پنشن اسکیم**— یہ پلان آپ کی مالی غیر یقینی کو ختم کرنے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے، جس کے تحت آپ کو پوری زندگی شرعی اصولوں کے مطابق یقینی آمدنی فراہم کی جاتی ہے، تاکہ آپ بڑھاپے کے ایام وقار اور مالی آسودگی کے ساتھ گزار سکیں۔ چاہے آپ ایک پُر اعتماد اور خوشگوار ریٹائرمنٹ سے لطف اندوز ہونا چاہتے ہوں یا اپنے اور اپنے پیاروں کے لیے ذہنی سکون چاہتے ہوں، لائف ٹائم کفالت پلان زندگی کی غیر متوقع صورتحال میں آپ کا بہترین ساتھی ہے۔
یہ پلان، دنیا بھر میں رہنے والے ان پاکستانی شہریوں کے لیے جن کی عمر 50 سال اس سے زائد ہے۔ پاک قطر لائف ٹائم کفالت پلان آپ کو زندگی بھر پنشن فراہم کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کے بعد بھی آپ کے نامزد داخلِ خانہ کی کفالت ہوتی رہے۔

**ریٹائرمنٹ ایک حقیقت ہے—اسے محفوظ بنائیں لائف ٹائم کفالت کے یقین کے ساتھ۔**

## لائف ٹائم کفالت کا انتخاب کیوں کریں؟

یہ پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا گارنٹڈ پنشن پلان ہے جو آپ اور آپ کے پیاروں کے مستقبل کو محفوظ بناتا ہے۔

**پنشن کی بڑھتی ہوئی ضروریات:** ریٹائرمنٹ کا ایک منظم اور محفوظ آپشن فراہم کرتا ہے۔

**یقینی آمدن:** زندگی بھر کے لیے مالی استحکام کو یقینی بنانے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے جو آپ کو ذہنی سکون اور یقینی آمدن فراہم کرتا ہے۔

**لچک اور سہولت:** بڑی عمر کے افراد کے لیے موزوں، جس میں زیادہ سے زیادہ عمر کی کوئی حد نہیں، تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس مستحکم پنشن پلان سے فائدہ اٹھا سکیں۔

## لائف ٹائم کفالت پلان کے فوائد

### گارنٹیڈ لائف ٹائم پنشن آپشنز

- فکسڈ ماہانہ پنشن: زندگی بھر کے لیے مستحکم آمدنی۔
- طویل مدتی تحفظ یقینی بناتا ہے: اپنی سہولت اور مستقبل کی ضروریات کے مطابق پلان منتخب کریں۔

## ریٹائرمنٹ کے بعد وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد

پلان حاصل کرنے والے کی وفات کی صورت میں نامزد شخص کو یہ اختیار ہے کہ وہ موجود کیش ویلیو حاصل کرے یا اس وقت تک پنشن کو جاری رکھے جب تک کہ پلان حاصل کرنے والے کی عمر 75 سال نہ ہو جائے یا ریٹائرمنٹ کی عمر کے بعد 10 سال مکمل نہ ہوں (جو بھی بعد میں آئے)۔ ان میں سے جس تاریخ پر پلان مکمل ہوگا، باقی ماندہ بیلنس (اگر کوئی ہو) نامزد کو ادا کر دیا جائے گا۔

## 100% سرینڈر ویلیو

- سرمایہ کاری میں لچک: تین سال بعد اگر آپ کسی بھی وقت پلان ختم کرنے کا فیصلہ کریں تو اپنی 100% کیش ویلیو حاصل کر سکتے ہیں۔

## اعزازی تکافل فوائد

(وفات کی صورت میں ملنے والا تحفظ)

| طبعی | حادثاتی |
|---|---|
| 50 ملین یا گزشتہ چھ ماہ کی اوسط کیش ویلیو کا 2 گنا، جو بھی کم ہو | 25 ملین یا گزشتہ چھ ماہ کی اوسط کیش ویلیو کا 1 گنا، جو بھی کم ہو |

## اہم فوائد

- زندگی بھر کے لیے یقینی ماہانہ پنشن
- شریک حیات/نامزد فرد کی آمدن
- ڈیجیٹل رسائی
- 100% تک فنڈ کی تخصیص
- اعزازی تکافل فوائد* وقف فنڈ سے ادائیگی
- کم از کم 500,000 سے زرتعاون کا آغاز

## اہم اضافی فوائد

- فیملی صحت پلان پر 40% ڈسکاؤنٹ (ہیلتھ ان پیشنٹ)
- ٹرم (لائف) تکافل پر 40% ڈسکاؤنٹ
- 1.25% کی خصوصی شرح پر موٹر تکافل کی سہولت
- سفر آسان پر 25% کا ڈسکاؤنٹ (ٹریول)
- آشیانہ پر 25% کا ڈسکاؤنٹ (ہوم)

**سنگل (یکمشت) کنٹریبیوشن پلان:** آج ہی یکمشت زرتعاون ادا کریں اور اگلے ماہ سے پنشن لینا شروع کریں۔

*65 سال کی عمر پر اعزازی تکافل فوائد ختم ہو جائیں گے۔

## اعزازی تکافل فوائد کی ایک مثال:

| نمبر شمار | کیش ویلیو | درج ذیل صورت میں: تحفظ+کیش ویلیو= مجموعی ادائیگی<br>طبعی وفات |
|---|---|---|
| 1 | 50000 | 50,000 + 50,000 = 100,000 |
| 2 | 100,000 | 100,000 + 100,000 = 200,000 |
| 3 | 5,000,000 | 5,000,000 + 5,000,000 = 10,000,000 |
| 4 | 10,000,000 | 10,000,000 + 10,000,000 = 20,000,000 |
| 5 | 15,000,000 | 15,000,000 + 15,000,000 = 30,000,000 |

| نمبر شمار | کیش ویلیو | درج ذیل صورت میں: تحفظ+کیش ویلیو= مجموعی ادائیگی<br>حادثاتی وفات |
|---|---|---|
| 1 | 50000 | 100,000 + 50,000 = 150,000 |
| 2 | 100,000 | 200,000 + 100,000 = 300,000 |
| 3 | 5,000,000 | 10,000,000 + 5,000,000 = 15,000,000 |
| 4 | 10,000,000 | 20,000,000 + 10,000,000 = 30,000,000 |
| 5 | 15,000,000 | 30,000,000 + 15,000,000 = 45,000,000 |

## فنڈ کی حکمتِ عملی:

| حکمت عملی | رسک کی نوعیت |
|---|---|
| کفالت پنشن پلان | متوازن رسک اور متوازن بڑھوتری |

## ممبر شپ کی خصوصیات:

**اندراج کی عمر:** 50 سال- زیادہ کی کوئی حد نہیں

**تکمیل کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر:** کوئی نہیں

**سنگل زرتعاون کی حد:** 500,000 روپے- زیادہ کی کوئی حد نہیں

**زرتعاون کی ادائیگی کی مدت:** سنگل زرتعاون

**پنشن کی ادائیگی کی مدت:** زندگی بھر

**ممبر شپ کا دورانیہ:** زندگی بھر

**انتظار کی مدت:** 0 سال (پہلے ماہ سے ہی آغاز)- 10 سال

**ایلوکیشن فیس:** مختص کیے گئے کنٹریبیوشن کا 5%، البتہ 3 سال مکمل ہونے کے بعد یہ فیس معاف کر دی جائے گی۔

**مینجمنٹ فیس:** ہر پرائسنگ پر اثاثہ جات کی صافی ویلیو (NAV) کا 2%

**وقف فنڈ میں پرافٹ شیئرنگ:** ہر پرائسنگ پر انتظار کی مدت اور پنشن کے دورانیے میں کیش ویلیو یا پنشن فنڈ بیلنس کا 1%

**فری لک پیریڈ:** رکنیت کی دستاویزات موصول ہونے کے بعد 14 دن کے اندر آپ اس ممبر شپ کو ختم کر سکتے ہیں، ایسی صورت میں آپ کو زرتعاون واپس مل جائے گا، البتہ میڈیکل فیس اگر کوئی ہو تو وہ منہا کی جائے گی۔

## وضاحت:

یہ ایک فیملی تکافل پراڈکٹ ہے جس کے دو بنیادی عناصر ہیں یعنی مالی تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا عنصر یونٹ لنکڈ فنڈ کے تحت موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے منسلک ہے۔

## شریعہ ایڈوائزری بورڈ:

یہ یقین رکھیں کہ ہماری پراڈکٹ اور فراہم کردہ خدمات کی شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی طرف سے باقاعدہ نگرانی کی جاتی ہے، شریعہ ایڈوائزری بورڈ درجِ ذیل معروف شریعہ اسکالرز پر مشتمل ہے:

- مفتی محمد حسان کلیم (چیئرمین)
- مفتی عصمت اللہ (شریعہ ایڈوائزر اور شریعہ بورڈ ممبر)

## پاک قطر فیملی تکافل کا تعارف:

PACRA کی جانب سے پنشن فنڈ مینیجر کے طور پر AM2 مستحکم آؤٹ لک اور VIS کی جانب سے AA کی مستحکم آؤٹ لک ریٹنگ)، یکجہتی اور مشترکہ ذمہ داری کی مجسم تصویر ہے جو تعاون اور باہمی امداد کے اصولوں پر مبنی جامع تکافل تحفظ فراہم کرتی ہیں۔ پاک قطر فیملی تکافل کمپنی افراد، خاندانوں اور کاروباری اداروں کو ناگہانی خطرات کے خلاف شریعت کے مطابق بچت اور تحفظ کے حل فراہم کرتی ہے۔

## پاک قطر گروپ کا تعارف:

پاک قطر گروپ، پاکستان کی مالیاتی انڈسٹری میں اپنی ایک منفرد پہچان رکھنے والا صفِ اول کا اسلامی مالیاتی گروپ ہے، جو شرعی اصولوں کی روشنی میں بچت اور تحفظ کی وسیع اور جامع پراڈکٹس فراہم کرتا ہے۔ اسلامی اقدار پر بھرپور توجہ کے ساتھ اور بہتری پر سمجھوتہ کیے بغیر یہ گروپ پاک قطر انویسٹمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پاک قطر فیملی تکافل لمیٹڈ، پاک قطر جنرل تکافل لمیٹڈ اور پاک قطر ایسیٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ جیسے مایہ ناز اداروں پر مشتمل ہے۔

**ہیڈ آفس:**

سوئٹ نمبر: 102-105، بزنس آرکیڈ، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی-75400

**فون نمبر:** 56-34311747 (21 92+) **ای میل:** info@pakqatar.com.pk **ویب سائٹ:** www.pakqatar.com.pk

Version: PQFTL-LKP-S-U-220925